© rasailojaraid.com

جامعہ سلفیہ فیصل آباد

جامعہ سلفیہ کا نظام نرالا ہے — ہر اک طالب علم کی شان دوبالا ہے
کل بھی قوم کی اصلاح میں تھا سرگرم — آج بھی پرچم اسلام سنبھالا ہے
قرآن و سنت کے دیوانوں کا مرکز — قال اللہ قال رسول کا بول بالا ہے
تعلیمی تدریسی خدمت بیش بہا — ہر ماہ یہاں سے نکلتا اک رسالہ ہے
جدید مسائل سے آگاہی کا مرکز — ہر ایک شک و شبہے کا ہوتا ازالہ ہے
آئمہ و فقہاء کی آراء کا احترام — ہر کام فرقہ واریت سے بالا ہے
آؤ دنیا والو! اس کا وزٹ کرو — اس کی محنت سے ہر طرف اجالا ہے
شاہ ابراہیمؒ کے دیوانے رہتے ہیں — چمنستان محمدی کا گل ولالہ ہے
ہر استاد بے مثال بلند اقبال — ہر اک نے خود کو اسلام میں ڈھالا ہے
وسیع و عریض بہت پیاری مسجد ہے — خطیب بھی ختم نبوت کا متوالا ہے
ہر اک اہلحدیث کی آنکھ کا تارا ہے — محافظ اس کا میرا رب تعالیٰ ہے
کیسے دلکش تاج نظارے جامعہ کے — ہر اک پروگرام اعلیٰ سے اعلیٰ ہے
ہر اپنے بیگانے سے متعارف ہے — اتنا بھی نہ تاج یہ بھولا بھالا ہے
ہاں جو جامعہ سلفیہ سے نہ پیار کرے — سمجھوں گا میں دل میں کالا کالا ہے

قاری تاج محمد شاکر (پتوکی)

© rasailojaraid.com